MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، جب اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ

روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل اسلام آباد
چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ

جلد 12 | 27 جنوری، بروز پیر 14462025ء (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 242

ملک و قوم سے بڑھ کر کوئی ترجیح نہیں ہو سکتی، علیم خان

صحیح معنوں میں سیاست یا حکومت کے بجائے ریاست کے تحفظ کی فکر کرنا ہوگی، چوکنا رہنے کی ضرورت ہے، پارٹی رہنماؤں سے ملاقات میں گفتگو

ہر گھر تک ترقی و خوشحالی اور ملکی سلامتی کے تحفظ کا پیغام پہنچانا ہے۔ قصور سے شہباز مغل اور بدوملہی سے یاسر علی ملہی بھی ملاقات کرنے والوں میں شامل ہوں

لاہور (آئی این پی) وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ ملک و قوم سے بڑھ کر کوئی ترجیح نہیں ہو سکتی، ریاست اور دھرتی ہماری ریڈ لائن ہے۔ آئی پی پی پنجاب سیکرٹریٹ لاہور میں پارٹی رہنماؤں سے ملاقات میں عبدالعلیم خان نے کہا کہ صحیح معنوں میں سیاست یا حکومت کے بجائے ریاست کے تحفظ کی فکر کرنا ہوگی، ملک دشمن عناصر گھات لگائے بیٹھے ہیں، چوکنا رہنے کی ضرورت ہے۔ اس سے قبل سیکرٹریٹ پہنچنے پر

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

مغربی افریقہ میں پھنسے 4 تارکین وطن پاکستان پہنچ گئے، 22 کی واپسی آج سے شروع ہوگی

وزارت موریطانیہ سے 11 پاکستانی شہریوں کی واپسی میں بھی سہولت فراہم کر رہی ہے

اسلام آباد (آئی این پی) یورپ جانے کے

(بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

صدر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے چیف جسٹس سپریم کورٹ راجہ سعید اکرم کی ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آئی این پی) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر سپریم کورٹ جسٹس راجہ سعید اکرم کی ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں تفصیلی ملاقات۔ چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر سپریم

(بقیہ نمبر صفحہ 3 پر)

انتظامیہ کی ہٹ دھرمی، اسلام آباد کے باسی مضر صحت پانی پینے پر مجبور

پی سی آر کی جانب سے مزید کہا گیا ہے کہ فلٹریشن پلانٹس کے پانی کے ٹرینٹ والے آلات کو برقت تبدیل کیا جائے

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے باسی مضر صحت پانی پینے پر مجبور ہیں۔ اسلام آباد کے 36 فلٹریشن پلانٹس، 42 فیصد واٹر ورکس اور 17 فیصد ٹیوب ویلز کا پانی مضر صحت ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق شہر اقتدار کے 36 فلٹریشن پلانٹس کا پانی پینے کے لیے ٹھیک نہیں ہے، اس کے علاوہ 22 ٹیوب ویلز کا پانی مضر صحت ہے جبکہ اسلام آباد کے 12 آبی ذخائر میں سے 5 آبی ذخائر

(بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

لاہور، وزیراعظم شہباز شریف سے علی پرویز ملک ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں سے آہنی ہاتھوں نمٹا جائے گا، محسن نقوی

دہشتگردی صرف پاکستان ہی نہیں سب کی مشترکہ لڑائی ہے، میرے امریکا دورے کا مقصد امریکی سیاست دانوں سے مل کر دہشت گردی کے خلاف موثر پلان بنانا ہے، میڈیا سے گفتگو

دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کے لیے مختلف پہلوؤں پر بات چیت کی گئی، پاکستان کے مسائل کے حل کے لیے عالمی برادری کا تعاون ضروری ہے

ہیوسٹن (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاکستان کے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں سے آہنی ہاتھوں نمٹا جائے گا، امریکا میں کسی بھی اینٹی چائنہ تقریب میں شرکت نہیں کی، مخالفین کی جانب سے زہریلا پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ امریکا کے موقع پر ہیوسٹن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ دہشتگردی صرف پاکستان ہی نہیں سب کی مشترکہ لڑائی ہے، میرے امریکا دورے کا مقصد امریکی سیاست دانوں سے مل کر دہشت گردی کے خلاف موثر پلان بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خلاف جو بھی ہتھیار اٹھائے گا اس سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

حکومت زرعی ترقی کیلئے انقلابی اقدامات کر رہی ہے، رانا تنویر

وزیراعظم کسانوں کے لیے انقلابی اقدامات کے خواہاں ہیں، وزیراعظم کی ہدایت پر کسانوں کو سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں

کسانوں کو حکومتی مقررہ نرخوں پر کھاد کی فراہمی ہمارا ہدف ہے، اب کسانوں کو بروقت اور معیاری کھاد مل رہی ہے، کسان اور کاشتکار مضبوط ہوگا تو زراعت مضبوط ہوگی

مریدکے (آئی این پی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ کسانوں کو حکومتی مقررہ نرخوں پر کھاد کی فراہمی ہمارا ہدف ہے، حکومت زرعی ترقی کے لیے انقلابی اقدامات کر رہی ہے۔ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسان کی ضرورت کے مطابق ماضی میں کھاد کی فراہمی میں کمی تھی، کسانوں کو ماضی میں غیر معیاری کھاد مل رہی تھی،

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

کراچی، چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لغاری منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی، ترجمان سندھ حکومت سیدہ تحسین عابدی کا وفد کے ہمراہ پولیس ہیڈ آفس کا دورہ کر رہے ہیں

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا جنگ زدہ غزہ کی صفائی کا منصوبہ

اسرائیل کو دو ہزار پاؤنڈ وزنی بموں کی فراہمی پر جو بائیڈن کی جانب سے عائد پابندی ختم کر دی ہے، صحافیوں سے گفتگو

چاہتے ہیں اردن، مصر اور دیگر عرب ممالک زیادہ سے زیادہ فلسطینی پناہ گزینوں کو قبول کریں تاکہ علاقہ مکمل طور پر صاف ہو سکے

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ چاہتے ہیں کہ اردن، مصر اور دیگر عرب ممالک زیادہ سے زیادہ فلسطینی پناہ گزینوں کو قبول کریں تاکہ علاقہ مکمل طور پر صاف ہو سکے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صحافیوں کے ساتھ 20 منٹ کے سوال و جواب کے سیشن میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے اسرائیل کو دو ہزار پاؤنڈ وزنی بموں کی فراہمی پر جو

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سے بلوچستان کے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو ملاقات کر رہے ہیں

ملک میں پہلی بار شعبہ صحت میں باقاعدہ اے آئی ٹیکنالوجی کا استعمال

آغا خان یونیورسٹی اسپتال نے شعبہ صحت کو ٹرانسفارم کرنے کیلئے اے آئی ٹیکنالوجی کا استعمال شروع کر دیا

کراچی (آئی این پی) پاکستان میں شعبہ صحت کو ٹرانسفارم کرنے کیلئے آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) ٹیکنالوجی کا استعمال شروع کر دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ مطابق پورے پاکستان میں پہلی بار کراچی کے آغا خان یونیورسٹی اسپتال نے شعبہ صحت کو ٹرانسفارم کرنے کیلئے اے آئی ٹیکنالوجی کا استعمال شروع کر دیا۔ آغا خان اسپتال نے ہیلتھ کیئر کی فراہمی کو تبدیل کرنے کیلئے مصنوعی ذہانت کے استعمال کو ایک اہم ذریعے کے طور پر

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

اگر کوئی سمجھتا ہے کہ پیپلز پارٹی حکومت گرائے گی تو ایسا بالکل نہیں ہوگا، رانا ثنا اللہ

آصف زرداری پیپلز پارٹی اور بلاول بھٹو کو ایک لائن کراس نہیں کرنے دیں گے، آصف زرداری بڑے معاملہ فہم ہیں، ان کو پتا ہے اگر سسٹم گرے گا تو کچھ نہیں بچے گا

شہباز شریف ہی واحد وزیراعظم ہیں جو ملک کو مشکل سے نکال سکتے ہیں، ٹی آئی اگر مولانا فضل الرحمان کو ساتھ رکھتی، تو پھر 24 نومبر کا واقعہ نہ ہوتا، 24 نومبر والا معاملہ خودکش حملہ تھا

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کے مشیر سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ اگر کوئی سمجھتا ہے کہ پیپلز پارٹی حکومت گرائے گی تو ایسا بالکل نہیں ہوگا، آصف زرداری پیپلز پارٹی اور بلاول بھٹو کو ایک لائن کراس نہیں کرنے دیں گے، آصف زرداری بڑے معاملہ فہم ہیں، ان کو پتا ہے اگر سسٹم گرے گا تو کچھ نہیں بچے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ٹھیک چل رہی

(بقیہ 32 روٹی صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی کے دروازے مذاکرات کیلئے ہمیشہ کھلے تھے، علی محمد خان

آج بھی حکومت اگر مان جائے کہ کمیشن بنانے کے لیے ہم تیار ہیں تو پھر شاید مذاکرات کے دوبارہ شروع ہونے کے امکانات ہو سکتے ہیں

جو مذاکرات ہوئے ہیں اس میں بنیادی کردار بھی عمران خان نے خود ہی ادا کیا ہے، آج بھی حکومت مان جائے کمیشن بنانے کے لیے تیار ہیں تو شاید مذاکرات دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں، گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی رہنما علی محمد خان نے کہا کہ تحریک انصاف کے دروازے مذاکرات کے لیے ہمیشہ کھلے تھے، یہ جو مذاکرات ہوئے ہیں اس میں بنیادی کردار بھی عمران خان نے خود ہی ادا کیا ہے۔ ایک انٹرویو میں ان کا کہنا تھا کہ مذاکرات سے باہر نکلنے کا فیصلہ ہم نے باہمی مجبوری کیا ہے، حکومت اگر 9 مئی اور 26 نومبر کا جوڈیشل کمیشن بنانے میں سنجیدگی کا اظہار کرتی

(بقیہ 38 روٹی صفحہ 3 پر)

کراچی، پاکستان میراتھن ریس میں شہری منزل کی جانب رواں دواں ہیں

لاہور، وزیراعظم شہباز شریف سے ایم این اے عبدالغفار ملاقات کر رہے ہیں

کراچی، فائرنگ سے محکمہ بلدیات کا ملازم جاں بحق، مقدمہ درج

پولیس نے مقدمے کے اندراج کے بعد واقعے کی تفتیش شروع کر دی ہے

کراچی (آئی این پی) کراچی میں طارق روڈ پر کہکشاں اپارٹمنٹ میں فائرنگ سے محکمہ بلدیات کا ملازم جاں بحق ہو گیا۔ ایس ایچ او فیروز آباد انعام حیدر جونیجو کے مطابق طارق روڈ لبرٹی سگنل کے نزدیک کہکشاں بلڈنگ کے فورتھ فلور کا رہائشی 28 سالہ سراج احمد ولد محمد اسماعیل اپنے گھر سے بذریعہ سیڑھیاں نیچے کسی کام سے اتر رہا تھا کہ جب وہ بلڈنگ کے فرسٹ فلور پر پہنچا تو وہاں موجود نامعلوم ملزم نے اس پر فائرنگ کر دی۔ ایس ایچ او نے بتایا کہ نامعلوم ملزم نے سراج کو پانچ گولیاں ماریں، جسے شدید زخمی حالت میں جناح اسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ دوران علاج چل بسا، مقتول محکمہ بلدیات میں ملازم تھا، پولیس واقعہ کی تفتیش کر رہی ہے۔ دریں اثنا واقعے کا مقدمہ نامعلوم مسلح ملزمان کے خلاف فیروز آباد تھانے میں مقتول کے ماموں رسول بخش منگریو کی مدعیت میں درج کر لیا گیا، پولیس نے جائے وقوعہ سے برآمد ہونے والے 9 ایم ایم پستول کی گولیوں کے خول فرانزک کے لئے بھیج دیے ہیں۔ اب تک کی تفتیش کے مطابق واقعہ ذاتی دشمنی کا نتیجہ لگتا ہے، مقتول کی لاش کو

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

کراچی، آئی جی سندھ پولیس غلام نبی میمن سے ترجمان سندھ حکومت ملاقات کر رہے ہیں

کراچی، بچوں کے اغوا کے پے در پے واقعات، سکول اور مدرسوں کیلئے نیا ہدایت نامہ جاری

اشتہارات لگوائے ہیں، سوشل میڈیا کو استعمال کر رہے ہیں اور ہم نے اس پر انعام بھی رکھا ہے

کراچی (آئی این پی) کراچی میں حالیہ دنوں میں بچوں کے اغوا کے پے در پے واقعات کے بعد اسکول اور مدرسہ انتظامیہ کیلئے ہدایت نامہ جاری کیا گیا ہے۔ بچوں کو اغوا سے بچانے اور اجنبیوں سے محفوظ رکھنے کے سلسلے میں کراچی پولیس کی جانب سے نیا ہدایت نامہ جاری کیا گیا ہے، پولیس نے ہدایت نامہ میں کہا ہے کہ بچے کو والدین کے علاوہ کسی کے ساتھ نہ جانے دیں۔ سکول اور مدرسوں کی انتظامیہ کے لیے جاری

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں آج شدید سردی رہنے کا امکان

اسلام آباد (آئی این پی) آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم سرد اور خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں آج صبح / رات کے اوقات میں شدید سردی رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

ڈی آئی جی اسلام آباد سید علی رضا کا زیر تفتیش مقدمات کے حوالے سے میٹنگ کا انعقاد، مقدمات کا جائزہ

اسلام آباد (آئی این پی) ڈی آئی جی اسلام آباد سید علی رضا کا زیر تفتیش مقدمات کے حوالے سے میٹنگ کا انعقاد۔ موثر تفتیش ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے اور شہریوں کو انصاف فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

جلد غصہ میں آجاتی ہوں، روبینہ اشرف

میں ایک ماہ 10 دس دن ہسپتال میں داخل رہی، کورونا سے زندگی میں واپس لانے میں خدا کے بعد بیٹی کا کردار رہا ہے

کراچی (آئی این پی) معروف اداکارہ، ہدایت کار اور پروڈیوسر روبینہ اشرف نے کہا ہے کہ وہ بہت جلد غصہ میں آجاتی ہیں تاہم اب چاہتی ہوں غصہ کم کرنا چاہئے۔ ایک انٹرویو میں روبینہ اشرف نے انکشاف کیا ہے کہ ذاتی زندگی میں بھی غصہ جلدی آتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں غصہ کم کرنا چاہتی ہوں، کیوں کہ اب مجھے یہ احساس ہو گیا ہے کہ میرے غصے کرنے سے دوسرے کی اصلاح نہیں ہوتی۔ ان کا کہنا تھا کہ شوبز کی

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

تکنیکی و آپریشنل وجوہات، کراچی سے روانہ ہونیوالی 9 پروازیں منسوخ

کراچی سے دبئی جانے والی ایمریٹس کی پروازوں کے 609 بھی منسوخ ہونے والی پروازوں میں شامل ہے

کراچی (آئی این پی) تکنیکی اور آپریشنل وجوہات کے باعث اتوار کو کراچی سے روانہ ہونے والی نو پروازیں منسوخ ہو گئیں۔ تکنیکی اور آپریشنل وجوہات کے باعث کراچی سے منسوخ ہونے والی پروازوں میں کراچی سے لاہور جانے والی سیرین ایئر کی پروازای آر 522، کراچی سے اسلام آباد جانے والی سیرین ایئر کی پرواز ای آر 504 اور 502 شامل ہیں۔ کراچی سے لاہور جانے والی ایئر سیال کی پرواز پی ایف 145، کراچی سے اسلام آباد جانیوالی ایئر سیال کی پرواز پی ایف 123، کراچی سے اسلام آباد جانے والی ایئر بلوکی پرواز پی اے 200، کراچی سے گلف ایئر کی پرواز جی ایف 753 اور کراچی سے بیجنگ جانے والی ایئر چائنہ کی پرواز سی اے 946 بھی منسوخ ہو گئیں۔ کراچی سے دبئی جانے والی ایمریٹس کی پروازای کے 609 بھی منسوخ ہونے والی پروازوں میں شامل ہے۔ تکنیکی اور آپریشنل وجوہات کے باعث کراچی سے منسوخ ہونے والی پروازوں میں کراچی سے لاہور جانے والی سیرین ایئر کی پروازای آر 522، کراچی سے اسلام آباد جانے والی سیرین ایئر کی پروازای آر 504 اور 502 شامل ہیں۔ کراچی سے لاہور جانے والی ایئر سیال کی پرواز پی ایف 145، کراچی سے اسلام آباد جانیوالی ایئر سیال کی پرواز پی ایف 123، کراچی سے اسلام آباد جانے والی ایئر بلوکی پرواز پی اے 200، کراچی سے گلف ایئر کی پرواز جی ایف 753 اور کراچی سے بیجنگ جانے والی ایئر چائنہ کی پرواز سی اے 946 بھی منسوخ ہو گئیں۔ کراچی سے دبئی جانے والی ایمریٹس کی پروازای کے 609 بھی منسوخ ہونے والی پروازوں میں شامل ہے۔ والی ایئر چائنہ کی پرواز سی اے

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں 3 جی اور 4 جی صارفین کی تعداد میں نمایاں کمی

ملک میں ہر 100 افراد کیلئے ٹیلی کمیونیکیشن کی کل تعداد نومبر کے آخر میں 80.1 فیصد سے کم ہو کر دسمبر کے آخر تک 80 فیصد رہ گئی

ٹیلی نارتھری جی صارفین نومبر کے اختتام تک 1.388 ملین سے کم ہو کر دسمبر کے آخر تک 1.325 ملین رہ گئے جبکہ دسمبر کے آخر تک ٹیلی نار کے 4 جی صارفین کی تعداد 25.428 ملین رہی

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کا کہنا ہے کہ دسمبر 2024 میں پاکستان میں تھری جی اور فور جی صارفین کی تعداد میں کمی واقع ہوئی۔ پی ٹی اے کے اعداد و شمار مطابق پاکستان میں تھری جی اور فور جی صارفین کی تعداد نومبر کے اختتام تک 139.037 ملین سے کم ہو کر دسمبر 2024 کے آخر تک 138.496 ملین رہ گئی، ماہانہ

(بقیہ 46 روٹی صفحہ 3 پر)

آئیں سب مل کر اپنے حصے کا دیا جلائیں، ملک عبدالمجید

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن)

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی نے یک طرفہ طور پر اچانک مذاکرات ختم کئے، عرفان صدیقی

مذاکرات کی گنجائش ختم ہو گئی، صاحبزادہ حامد رضا نے مذاکرات پر اپوسولیٹلی ناٹ کے الفاظ استعمال کئے، کمیٹی کی ٹی او آر کا تماشا بنا دیا، ہم تماشا بننے کو تیار نہیں

کمیشن کا جواب مذاکراتی نشست میں دینا ہے، وہیں دیں گے، ہم دھمکی کا یا بائیکاٹ کا ایسے جواب نہیں دیں گے، 7 دن سے قبل نہ کوئی جواب دیں گے نہ کمیشن پر اعلان کریں گے

اسلام آباد (آئی این پی) حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے ترجمان سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے یک طرفہ طور پر اچانک مذاکرات ختم کئے ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں عرفان صدیقی نے کہا کہ مذاکرات ختم کرنا کمیٹی ہی نہیں خود پی ٹی آئی کیلئے حیران کن تھا۔ اڈیالہ جیل سے بیرسٹر گوہر نے مذاکرات ختم کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیرسٹر گوہر کے مطابق بانی

(بقیہ 45 روٹی صفحہ 3 پر)

ملک و قوم کی تعمیر و ترقی و خوشحالی مسلم لیگ (ن) کی مرہون منت ہے، شاہدہ قدیر

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن)

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

پہلی ششماہی میں غیر ٹیکسٹائل برآمدات 13 فیصد بڑھ کر 7.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

خام چمڑے کی برآمدات میں 0.73 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا، تاہم چمڑے سے بنے ملبوسات میں کمی دیکھی گئی

اسلام آباد (آئی این پی) رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں غیر ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات میں 12.83 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے،

(بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

کراچی، نوجوان قبائلی رہنما میر زید رند و دیگر میر اعجاز خان سنجرانی کی عیادت کر رہے ہیں

چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ اور دیگر دو ارکان کی مدت ملازمت پوری

تینوں اراکین ان کے متبادل کی تقرری تک اپنی خدمات جاری رکھیں گے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ اور الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) کے دیگر دو ارکان نثار احمد

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

جماعت اسلامی کی متنازعہ پیکا ایکٹ کی مخالفت، آئی پی پیز کے معاملے پر 29 جنوری کو ملک گیر احتجاج کا اعلان

متنازع پیکا ایکٹ کی مخالفت کرتے ہیں، صحافیوں کو وقت پر تنخواہیں ملنی چاہئیں، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان

کراچی (آئی این پی) جماعت اسلامی نے متنازعہ پیکا ایکٹ کی مخالفت کرتے ہوئے آئی پی پیز کے معاملے پر 29 جنوری کو ملک گیر احتجاج کا اعلان کر دیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے اتوار کو کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے متنازع پیکا ایکٹ کی مخالفت کی اور کہا کہ ان کی جماعت نہیں چاہتی کہ آزادی صحافت پر حملہ ہو، صحافیوں کو وقت پر تنخواہیں ملنی چاہئیں، مہنگائی الاؤنس ملنا چاہیے، تنخواہوں میں اضافہ ہونا چاہیے۔ حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ حکومت کو متنازع ایکٹ پر مشاورت کرنی چاہیے تھی۔ انہوں نے کہا کہ 2016 میں ن لیگ اور پھر پی ٹی آئی حکومت

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

مظفر آباد، چوہدری لطیف اکبر عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

ضلع کرم سے اچھی خبر

خیبر پختونخوا قبائلی ضلع کرم میں دونوں فریقوں کے درمیان کامیاب مذاکرات کے بعد اتفاق رائے سے امن معاہدہ طے پا گیا، فریقین نے معاہدے پر دستخط بھی کر دیئے اور مجلس وحدت المسلمین نے ملک بھر میں جاری دھرنے ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق کوہاٹ میں واقع قلعہ کے احاطے میں کشمرنگ سربراہی میں ہونے والا امن جرگہ تین ہفتوں کے طویل مذاکرات کے بعد اختتام کو پہنچا۔ معاہدے پر کرم سے منتخب ہونے والے اراکین پارلیمنٹ سمیت 45 اہل سنت اور 45 شیعہ اہل تشیع افراد نے دستخط کیے، اس 14 نکات پر مبنی امن معاہدے کو ''تعمیری معاہدہ مری'' کا نام دیا گیا ہے جس کے مطابق 2008ء کا مری معاہدے کے ساتھ ساتھ اس سے قبل ہونے والے تمام علاقائی اور اجتماعی معاہدے بھی اپنی جگہ بحال رہیں گے۔ مری معاہدے میں طے ہوا تھا کہ بے دخل ہونے والے خاندانوں کی واپسی اپنے آبائی علاقوں میں آباد کاری میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں ڈالی جائے گی، ضلع بھر میں دائمی فائر بندی ہو گی، جب تک امن جرگہ جاری رہے گا تب تک ''امن یگہ'' بھی قائم رہے گا، خلاف ورزی کی صورت میں فریق کے خلاف روایت اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ نئے تجدیدی معاہدے کے مطابق زمینی تنازعات کو لینڈ کمیشن کی نگرانی میں حل کیا جائے گا، اسلحے کی آزادانہ نمائش اور استعمال پر مکمل پابندی ہو گی، اسلحہ خریدنے کے لئے کوئی چندہ جمع نہیں کرے گا، کوئی بھی فریق ایک دوسرے کے خلاف بھاری ہتھیاروں کا استعمال نہیں کرے گا، خلاف ورزی پر حکومت اور امن کمیٹی اُس فریق یا متعلقہ گاؤں کے خلاف کروڑ روپے جرمانے کے علاوہ قانونی کارروائی کرے گی، تمام تر بھاری اسلحہ حکومتی سرپرستی میں جمع کیا جائے گا، دونوں فریق صوبائی کابینہ کے فیصلے کی روشنی میں اسلحے کے حوالے سے 15 دن میں قومی مشاورت سے مربوط لائحہ عمل دیں گے۔ معاہدے میں یہ بھی طے پایا ہے کہ ضلع کرم میں افغرادی اور اجتماعی مسائل اور باہمی لڑائی کو مذہبی رنگ نہیں دیا جائے گا، نفرت کی بنیاد پر قائم کالعدم تنظیموں کے کام کرنے کے علاوہ دفاتر کھولنے پر بھی پابندی عائد ہو گی اور جواب دہ کرے گا اُس کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی، سوشل میڈیا پر ایک دوسرے کے خلاف نفرت انگیز اور اشتعال انگیز بیانات پر کارروائی ہو گی، سوشل میڈیا پر شرپسندی کی حمایت کرنے والے بھی جرم میں برابر کے شریک ہوں گے، بنکروں کی تعمیر پر پابندی ہو گی اور پہلے سے قائم تمام بنکر ایک ماہ کے اندر مسمار کر دیے جائیں گے۔ معاہدے کے مطابق کسی شرپسند کو پناہ دینے والے کو بھی مجرم تصور کیا جائے گا۔ شرپسند عناصر کے خلاف کرم امن کمیٹی قانون کے مطابق سزا تجویز کرے گی، کسی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں امن کمیٹیاں فوری متحرک ہوں گی، دوسرا فریق کوئی ردعمل نہیں دے گا، کسی بھی گاؤں کے تنازعے پر کوئی شخص، گاؤں یا کسی مسلک کے افراد حمایت میں کھڑے نہیں ہوں گے، ضلعی پولیس یا ریاستی ادارے امن خراب کرنے والوں کو فوری گرفتار کریں گے، قبیلے کے مشران شرپسندوں کی گرفتاری میں رکاوٹ نہیں ڈالیں گے۔ اَپر کرم کے سرحدی علاقے تری مینگل سے لوئر کرم کے آخری علاقہ چھیری تک ضلع کرم کے حدود میں مرکزی شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کے لئے کھلی اور محفوظ رہے گی جبکہ آمدورفت کے تمام راستوں میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ نہیں ڈالی جائے گی، سڑکوں کی حفاظت کے لئے ایکسکس کمیٹی کے فیصلے کو عملی جامہ پہنایا جائے گا، فریق پناہ میں لئے گئے افراد کا تحفظ ہر صورت یقینی بنائیں گے، تمام سرکاری اور غیر سرکاری ملازمین کو مشران پشتون دستور کے مطابق مہمان کی حیثیت دیں گے، معاہدے کے مطابق فریق دفعہ 144 کے نفاذ پر عملدرآمد یقینی بنائیں گے، کرم کے پائیدار امن میں رخنہ ڈالنے والے ملکی اور غیر ملکی دہشت گردوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹرڈاکٹر محمد علی سیف کا کہنا تھا کہ کرم میں مل پارہ چنار مرکزی شاہراہ ہفتے کے روز سے آمدورفت کے لئے کھول دی جائے گی اور سکیورٹی کے حصار میں قافلوں کی صورت میں مسافر گاڑیاں چلائی جائیں گی، بنکروں کی مساری اور بھاری اسلحے کی حوالگی پر دونوں فریق متفق ہیں، یہ کام بھی جلد ہی شروع کر دیا جائے گا۔ ضلع کرم میں یہ کوئی پہلی لڑائی نہیں تھی، وہاں رہنے والوں کے درمیان یہ مسئلہ مدتوں سے چلا آ رہا ہے، کئی بار جھگڑے ہوئے، بیقینی جانیں ضائع ہوئیں اور املاک کو بھی نقصان پہنچا لیکن موجودہ صوبائی حکومت سمیت کبھی کسی نے اس معاملے کے حل میں خاطر خواہ دلچسپی نہیں لی۔ ابھی بھی حالیہ تنازعوں کے بعد وہاں مرکزی شاہراہ بند کر دی گئی، آمدورفت مکمل طور پر ختم کر دی گئی جس کی وجہ سے وہاں کے رہنے والے سخت پریشان تھے۔ گزشتہ تقریباً اَسی دن سے وہاں یہی صورتحال تھی، لوگوں کے پاس کھانے کی اشیاء نہ ہونے کے برابر تھیں، بچے بھوک سے بلک رہے تھے، ادویات نہ ملنے کی وجہ سے کئی معصوم بچے موت کے منہ میں چلے گئے، سکول بند تھے۔ عجب ہی حالات تھے، عقل دنگ ہے کہ اس جدید دور میں بھی ایسا ممکن ہو سکتا ہے؟ ارباب اختیار اگر بروقت ان مسائل کا نوٹس لے لیں، اس طرف توجہ کر لیں تو اتنی خرابی پیدا ہی نہ ہو اور پھر مجلس وحدت المسلمین نے دھرنے دے دیئے، ان کی تقلید میں اہل سنت نے بھی احتجاج شروع کر دیا، پورا ملک متاثر ہوا۔ بے شک احتجاج ہر کسی کا بنیادی اور آئینی حق ہے لیکن بغیر اجازت راستے بند کر کے دھرنا دینا تو کسی طور مناسب نہیں ہے ہم بطور قوم کب سمجھیں گے کہ انفرادی معاملات پر اجتماعی ذمہ داری کو فوقیت دی جاتی ہے۔ اہل سیاست یہ بات سمجھیں کہ کرم کا معاہدہ کسی احتجاج یا دھرنے کی وجہ سے نہیں طے پایا بلکہ بات چیت کے ذریعے معاملہ حل ہوا ہے اور اب صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ فوری طور پر اس معاہدے پر عملدرآمد کرائے، اس میں کسی قسم کی تاخیر کی گنجائش نہیں ہے۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے اور امن کمیٹیاں اس معاہدے کی پاسداری یقینی بنائیں، خلاف ورزی کی صورت میں فوراً حرکت کارروائی کریں تاکہ اس معاہدے کا انجام ماضی کے معاہدوں جیسا نہ ہو۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے تجدیدی معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے تسلیم کیا ہے کہ لڑائی اور تشدد کسی بھی مسئلے کا حل نہیں، مسائل اور تنازعات ہمیشہ مذاکرات ہی سے حل ہوتے ہیں، تشدد ہمیشہ تشدد کو جنم دیتا ہے جو کسی فریق، علاقے یا حکومت کے مفاد میں نہیں ہے، وزیر اعلیٰ کے یہ الفاظ سنہری حروف میں لکھے جانے کے قابل ہیں، اگر تمام سیاسی جماعتیں بطور خاص ان کی اپنی جماعت یہ بات سمجھ لے تو معاملات میں خاصہ سدھار آ سکتا ہے۔

مثالی پراجیکٹس، ارکان پنجاب اسمبلی کا مریم نواز کو خراج تحسین

وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر مریم اورنگزیب کی ارکان اسمبلی سے ملاقات، ترقیاتی کاموں کی رفتار پر اظہار اطمینان

لاہور (آئی این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے ارکان اسمبلی سے ملاقات کی۔ تفصیل کے مطابق ارکان پنجاب اسمبلی نے صوبے میں جاری ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران ارکان پنجاب اسمبلی نے وزیر اعلیٰ کی ہدایات پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب اسمبلی نے نوجوانوں کی تعلیم کے لئے سکالرشپ پروگرام کے آغاز پر وزیر اعلیٰ مریم اور نواز شریف کا شکریہ ادا کیا، انہوں نے کہا کہ تھرا پنجاب سے دیہی اور شہری علاقوں میں صفائی کا معیار اور کیساں تعلیم کا نظام قائم ہو رہا ہے۔ ارکان پنجاب اسمبلی نے کہا کہ بنیادی اور دیہی مراکز صحت کے اپ گریڈیشن سے پنجاب میں صحت کا نظام بہتر ہو رہا ہے۔ سڑکوں کی تعمیر، ماحولیاتی بہتری اور کوئنس کے نظام میں بہتری پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ ارکان پنجاب اسمبلی کا خیر مقدم کیا۔ ارکان پنجاب اسمبلی نے وزیر اعلیٰ مریم اور نواز شریف کو خراج تحسین کیا۔ ارکین نے کہا کہ مسلم لیگ ن نے عوام کے ساتھ جو وعدے کئے تھے، ہماری سوچ میں ایم کے نے ایک سال میں انہیں پورا کیا ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے ارکان پنجاب اسمبلی سے ان کے حلقوں کے مسائل پر بات کی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے ارکان اسمبلی سے ملاقات کی۔ تفصیل کے مطابق ارکان پنجاب اسمبلی نے صوبے میں جاری ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران ارکان اسمبلی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم اور نواز شریف نے پنجاب کو مثالی ترقی دینے کا آغاز کیا۔ ارکان پنجاب اسمبلی نے کہا کہ تھرا پنجاب سے دیہی اور شہری علاقوں میں صفائی کا معیار اور کیساں تعلیم کا نظام قائم ہو رہا ہے۔ ارکان پنجاب اسمبلی نے کہا کہ بنیادی اور دیہی مراکز صحت کے اپ گریڈیشن سے پنجاب میں صحت کا نظام بہتر ہو رہا ہے۔ سڑکوں کی تعمیر، ماحولیاتی بہتری اور کوئنس کے نظام میں بہتری پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ ارکان پنجاب اسمبلی کا خیر مقدم کیا۔ ارکان پنجاب اسمبلی نے وزیر اعلیٰ مریم اور نواز شریف کو خراج تحسین کیا۔ ارکین نے کہا کہ مسلم لیگ ن نے عوام کے ساتھ جو وعدے کئے تھے، ہماری سوچ میں ایم کے نے ایک سال میں انہیں پورا کیا ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے ارکان پنجاب اسمبلی سے ان کے حلقوں کے مسائل پر بات کی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے ارکان اسمبلی سے ملاقات کی۔ تفصیل کے مطابق ارکان پنجاب اسمبلی نے صوبے میں جاری ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران ارکان اسمبلی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم اور نواز شریف نے پنجاب کو مثالی ترقی دینے کا آغاز کیا۔ ارکان پنجاب اسمبلی نے کہا کہ تھرا پنجاب سے دیہی اور شہری علاقوں میں صفائی کا معیار اور کیساں تعلیم کا نظام قائم ہو رہا ہے۔ ارکان پنجاب اسمبلی نے کہا کہ بنیادی اور دیہی مراکز صحت کے اپ گریڈیشن سے پنجاب میں صحت کا نظام بہتر ہو رہا ہے۔ سڑکوں کی تعمیر، ماحولیاتی

لاہور، پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ، 2 خطرناک ڈاکو ہلاک

پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان قتل، اقدام قتل، بہت خوری سمیت درجنوں وارداتوں میں مطلوب تھے

لاہور (آئی این پی) پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں 2 خطرناک ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ تفصیل کے مطابق لاہور میں آرگنائزڈ کرائم یونٹ سٹی اور ڈاکوؤں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا، فائرنگ کے تبادلے میں 2 خطرناک ملزمان مارے گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ پولیس ملزم عدنان کو ٹرمینل سے موٹر وے آمد کی کے لئے لے جا رہی تھی، 2 موٹر سائیکوں پر 4 ملزمان نے ساتھی ملزم کو چھڑانے کیلئے حملہ کیا، 2 موٹر سائیکوں پر مسلح ملزمان نے فائرنگ سے عدنان سمیت مطلق حملہ آوروں کی فائرنگ سے عدنان سمیت 2 ملزمان شدید زخمی ہوئے، زخمی ملزمان عدنان اور مبشر اسپتال منتقلی کے دوران دم توڑ گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان قتل، اقدام قتل، بہت خوری سمیت درجنوں وارداتوں میں مطلوب تھے گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان قتل، اقدام قتل، بہت خوری سمیت درجنوں وارداتوں میں مطلوب تھے۔ پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں 2 خطرناک ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ تفصیل کے مطابق لاہور میں آرگنائزڈ کرائم یونٹ سٹی اور ڈاکوؤں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا، فائرنگ کے تبادلے میں 2 خطرناک ملزمان مارے گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ پولیس ملزم عدنان کو ٹرمینل سے موٹر وے آمد کی کے لئے لے جا رہی تھی، 2 موٹر سائیکوں پر 4 ملزمان نے ساتھی ملزم کو چھڑانے کیلئے حملہ کیا، 2 موٹر سائیکوں پر مسلح ملزمان نے فائرنگ سے عدنان سمیت مطلق حملہ آوروں کی فائرنگ سے عدنان سمیت 2 ملزمان شدید زخمی ہوئے، زخمی ملزمان عدنان اور مبشر اسپتال منتقلی کے دوران دم توڑ گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان قتل، اقدام قتل، بہت خوری سمیت درجنوں وارداتوں میں مطلوب تھے

کرکٹرز کے اکاؤنٹس کو مسیج کرنے میں کیا بری بات ہے؟، شاداب خان

آگر آپ کو مسیج پسند نہ آئے تو جواب نہ دیں، کرکٹر کا انوکھا مشورہ

لاہور (آئی این پی) قومی کرکٹ ٹیم کے آل راؤنڈر شاداب خان نے اکاؤنٹس کی جانب سے کیے جانے والے دعوے پر کہا ہے کہ کرکٹرز کے اکاؤنٹس کو میسجز کرنے میں کیا بری بات ہے؟، اگر آپ کو میسج پسند نہ آئے تو جواب نہ دیں۔ نجی ٹی وی پروگرام میں شاداب سے سوال کیا گیا کہ کیا کرکٹرز کو میسج کرنے میں کوئی حرج ہے؟ اس پر شاداب خان نے کہا کہ اگر کرکٹرز کو میسج کرنے میں تو اس میں کیا بری بات ہے، کسی اداکار کو اگر ڈی ایم پسند نہیں آ رہا تو آسان حل یہ ہے کہ اسے نظر انداز کر دیں۔ شاداب نے کہا کہ کچھ لوگ شرت حاصل کرنے کیلئے یہ باتیں کرتے ہیں اور خاص طور پر ورلڈ کپ یا ایونٹ کے وقت اس طرح کی باتیں سامنے آتی ہیں۔ شاداب نے کہا کہ جب اس طرح کی باتیں سامنے آتی ہیں تو ہم آپس میں پوچھتے ہیں کہ کیسے نتیجے کیا۔ واضح رہے کہ پاکستانی شوبز انڈسٹری کی متعدد اداکاروں کی جانب سے دعویٰ کیا جا چکا ہے کہ کرکٹرز کی جانب سے انہیں میسجز کیے گئے ہیں، پلیٹ فارم پر میسجز کیے گئے ہیں۔ قومی کرکٹ ٹیم کے آل راؤنڈر شاداب خان نے اکاؤنٹس کی جانب سے کیے جانے والے دعوے پر کہا ہے کہ کرکٹرز کے اکاؤنٹس کو میسجز کرنے میں کیا بری بات ہے؟، اگر آپ کو میسج پسند نہ آئے تو جواب نہ دیں۔ نجی ٹی وی پروگرام میں شاداب سے سوال کیا گیا کہ کیا کرکٹرز کو میسج کرنے میں، آپ کے نمبر کو میسج کیا؟ اس پر شاداب خان نے کہا کہ اگر کرکٹرز کو میسج کرنے میں تو اس میں کیا بری بات ہے، کسی اداکار کو اگر ڈی ایم پسند نہیں آ رہا تو آسان حل یہ ہے کہ اسے نظر انداز کر دیں۔ شاداب نے کہا کہ کچھ لوگ شرت حاصل کرنے کیلئے یہ باتیں کرتے ہیں اور خاص طور پر ورلڈ کپ یا ایونٹ کے وقت اس طرح کی باتیں سامنے آتی ہیں۔ شاداب نے کہا کہ جب اس طرح کی باتیں سامنے آتی ہیں تو ہم آپس میں پوچھتے ہیں کہ کیسے نتیجے کیا۔ واضح رہے کہ پاکستانی شوبز انڈسٹری کی متعدد اداکاروں کی جانب سے دعویٰ کیا جا چکا ہے کہ کرکٹرز کی جانب سے انہیں میسجز کیے گئے ہیں۔

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پوری قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ہے، مریم نواز

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ہے، مریم کے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ہے، مریم کے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ہے

لاہور (آئی این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ہے۔ اپنے ایک بیان میں وزیر اعلیٰ مریم نواز

بقیہ 1

بھی چلاتے رہے۔ گزشتہ سے مزید کہا کہ کراچی میرا فرض ہیں غیر مکی افراد کی موجودگی نے کراچی میرا فرض کو جلا چراغ بنا دیا ہیں۔ کراچی میرا فرض 2025ء میں ہیں کراچی میرا فرض ہیں بھی خصوصی شرکت کی، گزشتہ سے اپنے بچوں کے حوصلہ افزائی کے لئے ان سے گفتگو کرتے رہے، اور اپنے بچوں سے اظہار محبت ان کی دل جیتنے بھی چلاتے رہے۔

بقیہ 2

آئی سے امریکا اور برطانیہ میں مظاہرے کئے۔ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے ملک سے اندھیروں کو ختم کیا اور انڈسٹریف نے ملک کو روشن کا مرکز بنایا، ہمیں کی مدد سے 25 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری سے ہی کیک شروع کیا۔ لوڈشیڈنگ کے اقدام سے بیرون ملک سے سرمایہ کار آئے، 2017ء میں سازش کے تحت لوڈشیڈنگ دوبارہ سے بنا دیا گیا۔

بقیہ 3

عبدالعلیم خان کا وابلہ استقبال کیا گیا، صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے صحافی رہنماں کی مشاورت ہوئی، پنجاب بھر میں ضلعی شاخ پر ورکرز کنونشن کرانے پر زور دیا گیا۔ صدر عبدالعلیم خان کو اعلیٰ اختیارات میں ہونے والی تنظیمی امور، پارٹی اور سیاسی امور پر رابطہ کی دی گئی۔ صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان سے جنرل سیکرٹری رانا جاوید اقبال، صدر آئی پی پی پنجاب راناثناء اللہ، صدر آئی پی پی ملک نواز کھرل نے ملاقات ہوئی۔ صدر آئی پی پی نے کہا کہ ہم کو سب ترقی دوخوشحالی اور مکی سلامتی کے تحفظ کا پیغام پہنچانا ہے۔ قصور سے شیخوپورہ اور بدھ ملی سے بارسخی ملی تک رفاقت کرنے والوں میں شامل، بہاولپور سے شہزادہ شیخ ظفر اقبال، شاہدہ وارڈ کی کے ساتھ رفاقت کرنے والوں میں شامل، بہاولپور سے تنویر گردیزی، ایاز گورنر، ملتان سے بریگیڈیئر قصور لیہ سے رفاقت گیلانی کی ملاقات کرنے والوں میں شامل تھے۔ دوسری جانب آئی پی پی نے جنوبی پنجاب کیلئے علیمہ خان کیلئے ذمہ داریاں دے کا فیصلہ کرلیا، اجلاس پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان نے منظوری دیدی۔ صدر اور جنرل سیکرٹری کیلئے تنویر فاتل کیلے گئے، رفاقت گیلانی جنوبی پنجاب کے صدر اور تھسین گردیزی جنرل سیکرٹری نامزد کر دیے گئے۔

بقیہ 4

کا پانی بھی مضر صحت قرار دیا جا چکا ہے۔ متاثرین کے مطابق سطح ذمہ دار، وزراء، شاہدان بیٹھی، شاہدہ وارڈ کی کے ساتھ شاہدان بیٹھی، اسلام آباد کے سیکٹر ایف 30 فیصد، سیکٹر آئی 21 فیصد کے ٹیوب ویلز کے پانی ملنے بھی ہیں، شہری سوسائٹیز اور نارتھ فلیٹ پلانٹس کی کوالٹی سب سے زیادہ خراب ہے۔ سوسائٹیز اور نارتھ کے 68 فیصد فلیٹ پلانٹس کا پانی مضر صحت ہے، سیکٹر آئی کے 40 فیصد، سیکٹر جی کے 27 فیصد فلیٹ پلانٹس کا پانی خراب ہے۔ ڈاکٹرز کے مطابق خراب پانی کی وجہ سے ہیپاٹائٹس اے اور ای، ٹائیفائڈ اور دیگر امراض لگتے ہیں۔ پاکستان سٹاف آف ریسرچ آن واٹر ریسورس (پی آئی آر سی) نے تجاویز دی ہیں کہ پانی کی کوالٹی کو برقرار رکھنے کے لیے ان اقدامات کی ضرورت ہے کیا جائے۔ فلیٹ پلانٹس، واٹر سپلائی سکیم اور ٹیوب ویلز کے آس پاس صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھا جائے۔ پی آئی آر سی کی جانب سے مزید کہا کہ واٹر اے ٹی ایم کے پانی کے ٹریٹمنٹ پلانٹ اور اسٹیل سیٹرز کو چیکنگ کیا جائے۔ ڈاکٹرز کے مطابق پانی کے ٹیسٹ کیلئے کرداراد انہیں کریں گے تو اس کا سب سے زیادہ ملک اور قوم کو نقصان ہوگا، ناقص پانی حالات سب کے سامنے ہیں، پاکستان کے دشمن اسے گندہ پنچھانے کیلئے تاک میں بیٹھے ہوئے ہیں، ہماری حکومت کیلئے یہ تجاویز کے لیے آسانیاں پیدا کر رہی ہے۔ راناتنویر نے کہا کہ کسانوں کو کھوکھی مقررہ نرخوں پر کھادی کی فراہمی ہمارا ہدف ہے، اب کسانوں کو بروقت اور معیاری کھاد ملے گی، کسان اور کاشتکار مضبوط ہوگا تو زراعت مضبوط ہوگا۔ وفاقی وزیر مزید کہا کہ وزیراعظم نے کسانوں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے انقلابی اقدامات کے خوابوں میں، وزیراعظم کی ہدایت پر کسانوں کیلئے فراہم کی جارہی ہیں، کسان اور اطمینان کا ماحول ہے۔ کسانوں کو مضبوط بنانے کا ارادہ ہے، وزیراعظم کسانوں کے لیے انقلابی اقدامات کے ذریعے ان کی مدد کر رہے ہیں، وزیراعظم کی ہدایت پر کسانوں کو خوابوں میں، وزیراعظم کی ہدایت پر کسانوں کو سہولیات فراہم کی جارہی ہیں اور اور لیول کو فروغ دینے کے لیے انقلابی اقدامات کے ذریعے ان کی مدد کر رہے ہیں، کسان اور کاشتکار مضبوط ہوگا تو زراعت مضبوط ہوگی۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ وزیراعظم نے کسانوں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے انقلابی اقدامات کے لیے انقلابی اقدامات کے

خالد مقبول صدیقی سے کوئی لڑائی نہیں مسائل پر مشاورت کرتے ہیں مصطفیٰ کمال

حکومت میں آئے 10 ماہ ہوگئے، سندھ اسمبلی میں پانی پر لیبارٹری لیڈران کے لیٹر ہی نہیں دے رہی، کوئی پارٹی ایسی ہے جس میں صرف جیئر میں کے پاس عہدہ ہو اور کہیں کے پاس نہ ہو

کراچی (آئی این پی) سابق میئر اور سربراہ ایم کیو ایم پاکستان مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ خالد مقبول صدیقی سے کوئی لڑائی نہیں، مسائل پر مشاورت کرتے ہیں۔ ایک ٹی وی کے گفتگو کرتے ہوئے پارٹی کنوینر خالد مقبول صدیقی کے اختلافات پر رد عمل دیتے ہوئے مصطفیٰ کمال کا کہنا تھا کہ اب تک سندھ اسمبلی میں ہم اپنے پارلیمانی اور ذیلی پارلیمانی لیڈر کا اعلان نہیں کر سکے

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

چیف الیکشن کمشنر کا مدت مزید بڑھانے کا مطالبہ

مقررہ مدت ختم، مشاورتی اجلاس شروع نہ ہو سکا

اسلام آباد (آئی این پی) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ مقررہ مدت ختم ہونے کے باوجود پاکستان کی مشاورت نہیں ہو سکی ہوگئی۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے اپنی تقرری کی پانچ سالہ مدت مکمل کر لی، ان کے ساتھ چیف الیکشن کمشنر اور دیگر ممبران کی تقرری بھی ہوگئی۔ جاری رہیں گے۔ دوسری جانب الیکشن کمیشن کے ممبر

(بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر میڈیا کیس کے ملازمین کو ہراساں کرنے کا الزام

اسلام آباد (آئی این پی) راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر میڈیا کیس کے ملازمین کو ہراساں کرنے کا الزام سامنے آیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چند روز قبل سپریم کورٹ نے ایڈمنسٹریٹر ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر جو ڈیل نہ دے سکا ہے بنا عہدے سے ہٹا دیا تھا۔ سپریم کورٹ نے ایڈمنسٹریٹر میں رجسٹرار

(بقیہ نمبر 99 صفحہ 3 پر)

کراچی کے تاجر مریم نواز کی کارکردگی سے متاثر

کچھ عرصے کے لیے مریم ہمیں دے دیں، مراد علی شاہ آپ رکھ لیں، احسن اقبال نے مطالبہ کر دیا

احسن اقبال بے ساختہ مکرر ہوئے، کوئی تبصرہ نہیں کیا، تمام تاجروں کی مریم نواز کو وزیراعلیٰ سندھ بنانے کی حمایت

کراچی (آئی این پی) وزیر داخلہ جناب مریم نواز کی کارکردگی سے متاثر کراچی کے تاجروں نے وفاقی وزیر برائے ترقی و منصوبہ بندی احسن اقبال سے بڑا مطالبہ کر دیا۔ تفصیل کے مطابق تاجر راہنما نے احسن اقبال سے مطالبہ کیا کہ کچھ عرصے کے لیے مریم اور نواز شریف ہمیں دے دیں اور مراد علی شاہ آپ رکھ لیں۔ اجلاس میں شریک تمام تاجروں نے مریم نواز کو وزیر اعلیٰ سندھ

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

سائنٹفک واقعہ میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، شازیہ میری

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین کی ترجمان شازیہ میری نے گفتگو میں دو کروڑوں کے درمیان فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ قتل میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ ترجمان پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ

(بقیہ نمبر 63 تیرہویں صفحہ 2 پر)

ایڈیشنل رجسٹرار توہین عدالت کیس، محفوظ فیصلہ آج سنایا جائے گا

عدالت کے مطابق ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل نے آئینی شق کا مقدمہ غلطی سے ریکارڈ شیخ کے حصے ساعت کیلئے مقرر کیا

اسلام آباد (آئی این پی) سپریم کورٹ کی جانب سے ایڈیشنل رجسٹرار توہین عدالت کیس میں محفوظ فیصلہ آج (پیر کو) سنایا جائے گا۔ جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس محمد علی مظہر پر مشتمل سپریم کورٹ کا دو رکنی بنچ 23 جنوری کو محفوظ کیا گیا فیصلہ پیر کو

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیئرمین ٹرائی کیلئے صائم ایوب کا مستقبل داؤ پر نہیں لگا سکتے، محسن نقوی

یک دو روز میں صائم ایوب کا پلاسٹر اتر جائے گا، اس کے بعد ہی سیب کے امید ہے جلد صحت یاب ہو جائیں گے

ہیوسٹن (آئی این پی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا ہے کہ ایک چیئرمین ٹرائی کیلئے صائم ایوب کا پورا کیریئر داؤ پر نہیں لگا سکتے۔ ہیوسٹن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ ہمیں روزانہ کی بنیاد پر صائم ایوب سے رابطہ کرتا ہوں، میں خود صائم کی انجری کو مانیٹر کر رہا ہوں، ایک دو روز میں صائم ایوب کا پلاسٹر اتر جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد ہے کہ ہم ورلڈ کپ کے بعد ڈیوڈ کی ٹیم میں داخل ہوگا، اس کے بعد ری ہیب کریں گے۔ چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ نے مزید کہا کہ صائم ایوب کا پلاسٹر کرکٹ کے اثاثہ ہیں، امید ہے جلد صحت یاب ہو جائیں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان کے اوپنر صائم ایوب دائیں ٹخنے میں فریکچر کے سبب 6 ہفتے تک کرکٹ سے باہر ہو گئے ہیں جس کے باعث

(بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

نجی شعبہ کو قرضوں کی فراہمی میں 6 ماہ کے دوران 815 فیصد اضافہ

فراہم کردہ شرح میں بھی نجی شعبہ کو قرضوں کی فراہمی میں اضافے کے بنیادی اسباب میں شامل ہے

اسلام آباد (آئی این پی) نجی شعبہ کو قرضوں کی فراہمی میں 6 ماہ کے دوران 815 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ اے کے ڈی سیکورٹی کی رپورٹ کے مطابق گیم جولائی 2024 تا 17 جنوری 2025 کے دوران نجی شعبہ کو بینکوں کی جانب سے قرضوں کی فراہمی کا کم 1.398 ٹریلین روپے تک پہنچ گیا جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصہ کے دوران بینکوں اور مالیاتی اداروں کی جانب سے نجی شعبہ کو 152.8 ارب روپے کا قرضہ فراہم کئے گئے تھے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے شرح سود میں 11 فیصد کی کمی کے بعد قرضوں کی فراہمی میں مناظر کی ہدایات کے بعد قرضوں کی فراہمی میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ مزید برآں اقتصادی اور تجارتی سرگرمیوں کا فروغ اور فراہم کردہ شرح

(بقیہ نمبر 2 رد فی صفحہ 3 پر)

نظام المدارس کے سالانہ امتحانات یکم فروری سے شروع ہوں گے

کیمبل آباد (آئی این پی) نظام المدارس پاکستان کے زیر اہتمام سالانہ امتحانات یکم فروری سے شروع ہوں گے۔ ناظم امتحانات علامہ محمد امین بغدادی کے مطابق امتحانات ڈائریکٹوریٹ آف مذہبی تعلیم کے طے شدہ ضوابط کے مطابق منعقد ہوں گے، جس کے لئے ملک بھر میں مختلف امتحانی سنٹرز قائم کئے گئے ہیں، جہاں ہزارہا طلبہ امتحان دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ امتحانی سنٹرز کی آن لائن مانیٹرنگ کے لیے

(بقیہ نمبر 48 رد فی صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل نے آئینی شق کا مقدمہ غلطی سے ریکارڈ شیخ کے حصے ساعت کیلئے مقرر کیا

جناب سے نجی شعبہ کو 152.8 ارب روپے کا قرضہ فراہم کئے گئے تھے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے پالیسی ریٹ میں 11 فیصد کی کمی کے بعد قرضوں کی فراہمی میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ مزید برآں اقتصادی اور تجارتی سرگرمیوں کا فروغ اور فراہم کردہ شرح

(بقیہ نمبر 2 رد فی صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کیچ کے سخت ریمارکس، مقدمہ کا بوجھ سیشن جج پر ڈالنا چاہتے ہیں

ڈاکٹر ارباب نیازی تفتیشی ہیں صائم ایوب کے 6 ہفتے کا آرام تجویز کیا تھا، صائم ایوب کو فریکچر ہونے پر افریقہ کے خلاف دوسرے میچ سے پہلے دن فیلڈنگ کرتے ہوئے ہوا تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سلیکٹر کمیٹی نے اپنی فیصلہ تیار کر لیا ہے تاہم ٹیم کا اعلان صائم ایوب کی میل رپورٹس کا جائزہ لینے اور ڈائریکٹر شہادت سے ہوگا، جس کے بعد ناموں کو حتمی منظوری کیلئے بورڈ سربراہ محسن نقوی کے حوالے کیا جائے گا۔ شیخوپورہ ٹرائی کیلئے 11 فروری تک شیخ سکھاؤ کا اعلان ہوا ہے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا ہے کہ ایک چیئرمین ٹرائی کیلئے صائم ایوب کا پورا کیریئر داؤ پر نہیں لگا سکتے۔ ہیوسٹن میں میڈیا سے گفتگو کرتے

(بقیہ نمبر 42 رد فی صفحہ 3 پر)

چوہدری رحمت علی کی 4 و 7 اوور بری 3 فروری کو منائی جائے گی

پاکستان کا نام تجویز کرنیوالے چوہدری رحمت علی 3 فروری 1951ء کو انتقال کر گئے تھے

اسلام آباد (آئی این پی) تحریک پاکستان کے عظیم رہنما اور لفظ پاکستان کے تجویز کنندہ چوہدری رحمت علی کی 4 و 7 اوور بری 3 فروری کو منائی جائے گی اس سلسلے میں ملک بھر میں مسلم لیگ سمیت دیگر تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین قائداعظم محمد علی جناح کے دست راست چوہدری رحمت علی کی ملک کے دیرینہ رفیق چوہدری رحمت علی کی ملک وقوم کیلئے پیش کی گئی خدمات کو خراج عقیدت پیش کریں گے جبکہ مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی بھی کی جائے گی پاکستان کا نام تجویز کرنیوالے چوہدری رحمت علی 3 فروری 1951ء کو انتقال کر گئے تھے انہیں انگلستان کے شہر کیمبرج میں امانتاً دفن کیا گیا ہے۔ تحریک پاکستان کے عظیم رہنما اور لفظ پاکستان کے تجویز کنندہ چوہدری رحمت علی کی 4 و 7 اوور بری

(بقیہ نمبر 56 رد فی صفحہ 3 پر)

نوجوان افسران کیلئے کاریں خریدیں گے، چیئرمین ایف بی آر

ٹریننگ سنٹرز کے ساتھ گاڑیوں میں بھی 2 سے 3 مہینے میں نصب ہو جائے گا، سیمنٹ کی قیمت کے معاملے پر مساقی کمیشن کو کام کرنا چاہئے

کمیٹی کے اعتراض کا احترام سے شافی جواب دیا ہے، لیکن بعد اف پوائنٹ کیلئے ایسے زیادہ لیکن جمع ہو جاتا ہے، راشد لنگڑیال

کراچی (آئی این پی) چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال نے اعتراض کا باوجود افسران کیلئے گاڑیاں خریدنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوان افسران کیلئے کاریں خریدی جائیں گی، آپریشنز اور سٹریٹجک پلاننگ کیلئے افسر کا میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ ایسے ہی نہیں نصب ہو جائے گا، سیمنٹ کی قیمت کے معاملے پر مساقی کمیشن کو کام کرنا چاہئے

(بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی لفٹ گرنے سے 19 سالہ آپریٹر جاں بحق

راولپنڈی (آئی این پی) راولپنڈی میں لفٹ گرنے سے 19 سالہ لفٹ آپریٹر جاں بحق ہو گیا۔ تفصیل کے مطابق تھانہ رات کے پوش علاقے میں تعمیر کی جا رہی ٹاورنگ سوسائٹی میں عمارت کی لفٹ گر گئی۔ لفٹ گرنے کے باعث 19 سالہ آپریٹر جاں بحق ہو گیا۔ رسکیو حکام کے مطابق متوفی کی شناخت محمد طیب سکنہ خاص ایاری کوٹلی ستیانہ کے نام سے ہوئی ہے، طیب کو تشویشناک حالت میں ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کیا گیا تھا جہاں وہ جانبر نہ ہو سکا۔ دوسری طرف مقامی پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی۔ مقامی پولیس کے مطابق تھانہ رات کے پوش علاقے میں تعمیر کی جا رہی ٹاورنگ سوسائٹی میں عمارت کی لفٹ گر گئی

(بقیہ نمبر 55 رد فی صفحہ 3 پر)

یوم یکجہتی کشمیر 5 فروری کو منایا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) یوم یکجہتی کشمیر 5 فروری کو منایا جائے گا۔ 5 فروری کو کشمیر کے مومنے ہر ملک بھر مختلف سرکاری و غیر سرکاری اور مذہبی تنظیموں کی جانب سے کشمیری مسلمانوں کے ساتھ یکجہتی کیلئے جلسے جلوس اور ریلیاں نکالی جائیں گی تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں 5 فروری کو کشمیریوں سے تاریخی اظہار یکجہتی کریں گی۔ کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے طویل انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنائی جائیں گی جس میں تمام جماعتوں کے کارکنان، سماجی تنظیمیں، تاجر برادری و طلبا، وکیل و کاریگر کے طلباء سمیت عوام کی کثیر تعداد شرکت کریں گے۔ اور مظلوم کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کریں گے۔ اور ہمارے مظلوم کشمیر کی آزادی اور امت مسلمہ کی سلامتی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی جائیں گی۔ یوم کشمیر کے حوالے سے اخبارات خصوصی ایڈیشن شائع کریں

(بقیہ نمبر 52 رد فی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد سابق ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہی ہیں

مرکزی سیکرٹری اطلاعات ق لیگ مصطفیٰ ملک وزارت مذہبی امور کے فوکل پرسن مقرر

مصطفیٰ ملک وزارت اور سینیٹر پاکستانیز، ہیومن ریورس ڈویلپمنٹ کے بھی فوکل پرسن ہونگے

مرکزی سیکرٹری اطلاعات مصطفیٰ ملک وزارت مذہبی امور و دین الملہ اب ہم آہنگی اور وزارت اور سینیٹر پاکستانیز، ہیومن ریورس ڈویلپمنٹ کے فوکل پرسن مقرر کر دیئے گئے۔ مسلم لیگ کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین کی ہدایت پر مرکزی مصطفیٰ ملک کو اہم ذمہ داریاں تفویض کی گئیں۔ دونوں وزارتوں کی جانب سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیئے گئے۔ مصطفیٰ ملک وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی دونوں وزارتوں میں بطور رابطہ کار اور مثبت خدمات انجام دیں گے۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کا کہنا تھا کہ مرکزی سیکرٹری اطلاعات مصطفیٰ ملک وزارت مذہبی امور و دین الملہ اب ہم آہنگی اور وزارت اور سینیٹر پاکستانیز، ہیومن ریورس ڈویلپمنٹ کے بھی فوکل پرسن مقرر کر دیئے گئے۔ مسلم لیگ کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین کی ہدایت پر مرکزی مصطفیٰ ملک کو اہم ذمہ داریاں تفویض کی گئیں۔ دونوں وزارتوں کی جانب سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیئے گئے۔ مصطفیٰ ملک وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی دونوں وزارتوں میں بطور رابطہ کار اور مثبت خدمات انجام دیں

کرکیٹر اکسٹم بیک پوسٹ پر قبضے میں لی جانیوالی کروڑوں روپے مالیت چرس انسپکٹر شہزاد معائنہ کر رہے ہیں

گرینڈ اپوزیشن الائنس بنائیں گے، طے ہو چکا حکومت کیساتھ نہیں بیٹھنا، شیخ وقاص

حکومت کے مناقشہ رویے کی وجہ سے مذاکرات ختم ہوئے، مذاکراتی کمیٹی کوئی موقع نہیں دے گی

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ ہم نے ہو چکا ہے کہ حکومت کے ساتھ نہیں بیٹھنا، ہم گرینڈ اپوزیشن الائنس بنائیں گے، حکومت کے مناقشہ رویے کی وجہ سے مذاکرات ختم ہوئے۔ ایک انٹرویو میں شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ حکومت نے خود 28 کی میٹنگ بلائی، ہم نے تو نہیں کہا تھا، وہ خود دینے سے تو ہمیں پی ٹی آئی نے دینے ہے، مذاکراتی کمیٹی کوئی موقع نہیں دے گی۔ شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ ہم ایک گرینڈ اپوزیشن الائنس بنا رہے ہیں، چھوٹی پارٹیوں اتحادی حکومت کو بیک سیٹ کیا گیا ہے، اپوزیشن الائنس کیلئے چھوٹی پارٹی سے رابطہ کریں گے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ اگر چھوٹی پارٹی

(بقیہ نمبر 47 رد فی صفحہ 3 پر)

بہاولپور، تاریخی شیر باغ میں 7 سالہ بچگالی شیر ہلاک

بہاولپور (آئی این پی) بہاولپور کے تاریخی شیر باغ میں 7 سالہ بچگالی شیر ہلاک ہو گیا۔ کیور شیر باغ جان بخاری کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ بچگالی شیر کئی ہفتوں سے بیمار تھا اور 3 دن سے کھانا پینا چھوڑ چکا تھا۔ جان بخاری نے بچگالی شیر کی موت پر بتاتے ہوئے کہا کہ بچگالی شیر گردوں کی بیماری کی وجہ سے ہلاک ہوا، شیر کو پوسٹ مارٹم کے لیے اسلامیہ یونیورسٹی ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز ڈیپارٹمنٹ منتقل کر دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے شیر باغ انتظامیہ نے مزید بتایا کہ بچگالی نائیگر 2018 میں بہاولپور کے شیر باغ میں ہی پیدا ہوا تھا۔ شیر باغ انتظامیہ کے مطابق 3 سال سے بچگالی نائیگر آنکھ کے مرض میں بھی مبتلا تھا، جس وجہ سے شیری ایک آنکھ بھی ضائع ہو چکی تھی۔ بچگالی شیری کی موت کی وجہ

(بقیہ نمبر 48 رد فی صفحہ 3 پر)

نعمان علی کی شاندار کارکردگی، کیریئر میں دوسری بار ٹیسٹ میچ میں 10 وکٹیں لے لیں

ملتان (آئی این پی) قومی ٹیم کے اسپنر نعمان علی نے اپنے ٹیسٹ کیریئر میں دوسری بار 10 وکٹیں لے کر کارنامہ سرانجام دیا۔ ملتان میں کھیلے جا رہے ٹیسٹ کے دوسرے میچ میں قومی ٹیم کے 38 سالہ اسپنر نعمان علی نے مختصر کیریئر کے دوران ایک ٹیسٹ میں 10 وکٹیں لینے کا کارنامہ سرانجام دیا۔ انہوں نے پہلی اننگز میں ویسٹ انڈیز کے بلے بازوں کو پویلین لوٹایا۔ نعمان علی نے 30 رنز دیئے

(بقیہ نمبر 50 رد فی صفحہ 3 پر)

کراچی میں آج درجہ حرارت میں اضافے کا امکان محکمہ موسمیات

اس دوران شہر کا کم سے کم درجہ حرارت 11 سے 13 ڈگری تک جا سکتا ہے جبکہ دن کے اوقات میں درجہ حرارت 26 سے 28 ڈگری تک جانے کا امکان ہے

موسمیات کی جانب سے بتایا گیا کہ اتوار کو شہر کا کم سے کم درجہ حرارت 8.9 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ کم سے کم درجہ حرارت 9 سے 11 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ ہوا میں نمی کا تناسب 41 فیصد سے اور جبل مشرق سے

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

کراچی (آئی این پی) کراچی میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران موسم خشک اور سرد رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے بتایا گیا کہ اتوار کو شہر کا کم سے کم درجہ حرارت 9.8 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ کم سے کم درجہ حرارت 9 سے 11 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہنے کا امکان ہے

2024 شدید موسم کی وجہ سے 250 ملین طلبہ اسکول نہ جا سکے

مشرقی ایشیا اور بحرالکاہل کے علاقے میں 50 ملین طلبہ کو اپنے تعلیمی سلسلے میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا

مطابق کوئی بھی خطہ ایشیا، خطرناک موسمیاتی واقعات کے اثرات سے محفوظ نہیں تھا لیکن متاثرہ طالب علموں کی تعداد میں ریکارڈ کی گئی کمی ہوئی ہے۔ جنوبی ایشیا سب سے زیادہ متاثرہ خطہ تھا، جہاں 128 ملین طلبہ متاثر ہوئے، مشرقی ایشیا اور بحرالکاہل کے علاقے میں 50 ملین طلبہ کو اپنے تعلیمی سلسلے میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ افریقہ نے اپنی ٹیوٹ موسمیاتی رحفان سے منسلک تباہ کن نتائج کا سامنا کیا۔ عالمی ادارے برائے اطفال (یونیسیف) کی طرف سے جاری کردہ ایک نئی رپورٹ میں اسکولوں کی بندش اور ان کو درپیش آپریشنل اثرات پر روشنی ڈالی گئی ہے، جس میں گرمی کی لہروں کو تعلیم کے لیے سب سے بڑا خطرہ قرار دیا گیا ہے۔ یونیسیف کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر کیتھرین رسل نے کہا، "گزشتہ برس سخت اور شدید موسم کی وجہ سے ہر سال سے ایک طالب علم کا اس سے باہر رہا۔ شدید موسم طلبہ کی صحت اور تحفظ کے لیے خطرہ تھا اور طالب علموں کی تعلیم طویل المدتی بنیادوں پر متاثر ہوئی۔ شدید موسم کی وجہ سے جہاں سب سے زیادہ اسکول متاثر ہوئے، ان ممالک میں افغانستان، بنگلہ دیش، موزمبیق، پاکستان اور فلپائن شامل ہیں۔ اس انجرپلی رپورٹ کے

(بقیہ نمبر 51 رد فی صفحہ 3 پر)

پارلیمانی سیکرٹری ساجی بھودی محمد نورنی مستحق اور معذور افراد میں وہیل چیئر اور ٹرائی سائیکل تقسیم کر رہے ہیں

اسلام آباد میں ملک کی سب سے بڑی میراتھن کا انعقاد

ٹیوب و ڈیپ اور تاقابل فراموش بنانے کے لیے کھانے کے اسٹالز اور گیمز کی ایک وسیع رینج کا اہتمام بھی کیا گیا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد میں ملک کی سب سے بڑی میراتھن ریس کا آغاز ہو گیا، اس ریس کا انعقاد مایا ہزار نگ گروپ اسلام آباد رن دوا کی جانب سے کیا گیا ہے۔ ناز برادران شمول محمد ناز اور بانو ناز نے 2016 میں آئی ٹی او کی بنیاد رکھی تھی، جبکہ سیریز کی پانچویں میراتھن میں پاکستان اور دنیا بھر سے دوڑنے والے افراد حصہ لے رہے ہیں۔ یہ ایونٹ پاکستان میں میراتھن کے حوالے سے سب سے معیار متعین کرے گا، میراتھن میں ملک بھر سے 3000 سے زائد رنرز کی شرکت کر رہے ہیں، اس کے ساتھ سفارتی برادری کی ایک قابل ذکر تعداد شامل ہے۔ اس میراتھن کی بین الاقوامی رنرز بھی اپنی طرف متوجہ کیا ہے، یہی وجہ ہے کہ اس ڈیپ میراتھن میں یورپ اور امریکہ سے بھی شرکا شامل ہیں۔ میراتھن ریس میں 5، 10 کلومیٹر فن اور ہاف میراتھن کیٹگری مقابلے بھی ہیں، جو سنے بچوں میں فعال طرز زندگی کی

(بقیہ نمبر 53 رد فی صفحہ 3 پر)

سندھ پولیس چینی شہریوں کی حفاظت کیلئے انتظامات یقینی بنائے، محمد عبدالقادر

سندھ پولیس کی طرف سے سیکورٹی کے نام پر چینی سرمایہ کاروں سے رشوت وصول کرنے اور انہیں ہراساں کرنے سے ملک کا قاری بری طرح سے مجروح ہوا ہے، چینی شہریوں کی حفاظت

پولیس چینی شہریوں کی حفاظت کے لیے فول پروف انتظامات یقینی بنائے، چینی سرمایہ کاروں کی پولیس کے خلاف سنگین شکایات کی مکمل چھان بین ضروری نیز کاروباری ماحول کو بہتر بنانا ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیدا وار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے مشکل چیلنجوں کے باوجود معاشی ترقی حالی کو بحالی میں بدلنے میں بلاشبہ کامیابی حاصل کی ہے اربوں ڈالر کی بیرونی سرمایہ کاری بالخصوص چین کے ساتھ بیانے پر اقتصادی تعاون اس کی اعلیٰ مثال ہے جاں میں چینی سرمایہ کاروں کے ساتھ جانب ما

(بقیہ نمبر 37 صفحہ 2 پر)

چیف سیکرٹری سے پی ایم آئی کے وفد کی ملاقات

بلوچستان میں ہارٹ سے متعلقہ مسائل سے آگاہ کیا گیا

لاہور (آئی این پی) پاکستان کارڈیک سوسائٹی پریزیڈنٹ پروفیسر ڈاکٹر ایسوسی ایشن کے وفد نے چیف سیکرٹری بلوچستان شاہد رخیم ظیم اور سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان عالم سے ملاقات کی ہے۔ وفد کے ہاتھ سے متعلق چیلنجوں سے آگاہ کیا۔ وفد میں پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد، مرکزی رہنما عثمان اشرف اور شاہد حسن شامل تھے۔ ایف بی آر کے افسران کے ہاتھ سے متعلق چیلنجوں سے آگاہ کیا۔ وفد نے کہا کہ طلوع ہارٹ رگز میں چینی نظام کا نفاذ کیا جائے تاکہ اس طرح کی رکاوٹیں

(بقیہ نمبر 89 رد فی صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے سال 2025 کی دوسری کارروائی

روڈ بلاکنگ کوئٹہ سے کراچی جانے والی فیلڈر کار گاڑی سے خطرناک منشیات ہیروئن برآمد کر لیا، ایکسائز اینٹی نارکوٹکس فورس

مقدمہ درج کر کے مذید تفتیش شروع کر دی عوامی حلقوں کا منشیات کے خلاف مسلسل کارروائیوں پر مکمل انعام کو خراج تحسین۔ چیئرمین کیا ہے

بیلا (پی این اے) بلوچستان کے سال 2025 کی دوسری کارروائی منشیات ہیروئن برآمد کر لیا، ایکسائز اینٹی نارکوٹکس گرفتار مقدمہ درج کر لیا، ایکسائز اینٹی نارکوٹکس فورس سیکرٹری ایکسائز اینٹی نارکوٹکس بلوچستان ظفر عباس کے ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینٹی نارکوٹکس ساتھ زون بلوچستان محمد زمان خان کی ہدایت پر اتوار کے روز ای فی اوسیلی احمد و انچارج اینٹی نارکوٹکس فورس سمیا تھیل اقبال

(بقیہ نمبر 54 رد فی صفحہ 3 پر)

بانیہ عامر کے بعد دیدا اور نرگس نے بھی راہی سانوت کو چیلنج پر جواب دیدیا

لاہور (آئی این پی) بھارتی اداکارہ راہی سانوت کے ڈانس چیلنج پر اداکارہ بانیہ عامر کے بعد اب ڈانسر اداکارہ دیدار اور نرگس نے بھی اپنی جواب دے دیا ہے۔ انہوں نے بھی اداکارہ راہی سانوت کو بانیہ عامر و ڈانسر نرگس اور دیدار کو پاکستانی گانوں پر ڈانس کے مقابلے کا چیلنج دیا تھا۔ اداکارہ دیدار نے اپنے ٹک ٹاک پر راہی سانوت کے انٹرویو کی آڈیو کلپ پر ایک ویڈیو شیئر کی۔ دیدار نے راہی سانوت کی آواز پر لپ سنک کی، انہوں نے بانیہ عامر کی طرح راہی سانوت کو بھی راہی سانوت کی آڈیو کلپ شیئر کرتے ہوئے اس پر لپ سنک کی اور ساتھ ہی انہوں نے بھارتی اداکارہ سے مغفرت کی درخواست کی جاری رکھنا ہے، اس حوالے سے ساتھ بتایا کہ انہوں نے ٹیوز سے کنارہ کشی اختیار کر لی ہے، وہ ڈانس چیلنج قبول نہیں کر سکتیں۔ پر

(بقیہ نمبر 63 رد فی صفحہ 3 پر)

عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہیں، سردار زادہ میر سعید خان لانگو

عوام کے مسائل سے اچھی طرح واقف ہیں، رہنما جے یو آئی

کی ہی ہوگی، انتخاب کے حوالے سے ہماری تیاریاں بالکل مکمل ہیں، عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہیں، عوام کے مسائل سے اچھی طرح واقف ہیں، منتخب ہو کر عوامی مسائل کو پوری دیانت داری سے حل کرینگے، اپنا بیٹا عوام کے پاس پہنچا رہے ہیں اور عوام کی طرف سے بھی ہمیں بھرپور پذیرائی مل رہی ہے، ہم پہلے بھی یہ انتخاب جیت چکے ہیں اور آئندہ بھی عوامی قوت سے یہ انتخاب جیت کر اپنے عوام اور اہل علاقہ کی خدمت کا مشن جاری رکھیں گے اور اسکے لئے تمام مسائل اعلیٰ درجہ پر حل کرینگے کارنر میٹنگ میں عوام کی بڑی تعداد شریک تھی، میٹنگ میں شامل شرکا میر ارشاد احمد سعید خان لانگو پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا اور انکا ساتھ دینے اور اگلی کامیابی کیلئے تمام پر کوششوں کو بروئے کار لایا کا عہد کیا۔ نے ان

(بقیہ نمبر 62 رد فی صفحہ 3 پر)

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ پرنٹر روحانی آرٹ پریس اسٹریٹ 1 محمدی ٹاؤن سوہان (نزد ایکسپریس وے) اسلام آباد مقام اشاعت مکان نمبر 426 اسٹریٹ نمبر 20 غوری ٹاؤن فیز 4 اسلام آباد سے شائع کیا، ٹیلی فون نمبر 051-2158868